## سوال

(85)جب نمازی یہ محسوس کرے کہ اس سے کوئی چیز نکلی ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب میں نماز کےلیے وضو کرتا ہوں تومجھے وضو کے دوران ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ذکر سے کوئی چیز نکلتی ہے۔ کیا اس صورت میں ناپاک ہوجاتا ہوں یا نہیں؟ اورجب میں نماز کی حالت میں یہی بات محسوس کروں تومیری نماز باطل ہوجائے گی یا نہیں؟ ابراہیم۔ س۔ منطقہ الجنوب

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازی کا یہ احساس کہ اس کے آگے یاپیچھے سے کوئی چیز نکلی ہے، اس کے وضو کو باطل نہیں کرتا۔ اس کی طرف توجہ نہ کرے کیونکہ یہ شیطانی وسوسہ ہوتا ہے۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی بات کے متعلق پوچھا گیا توآپ نے فرمایا: ''جب تک آواز نہ سن لے یا بونہ پالے اپنی نماز وغیرہ سے نہ پھرے۔''

اس حدیث کی صحت پر شیخین کا اتفاق ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ**

**جلداول - صفحہ 95**

**محدث فتویٰ**